SIGN
OF VICTORY

Rampur State Gazette.

اسٹیٹ گزٹ رامپور

بحکم اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۲۶ | مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۶ر جمادی الاول سنہ ۱۳۶۱ھ مطابق ۲۳ مئی سنہ ۱۹۴۲ء | جلد ۵۵

حصہ اول

احکام اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

(۱)	منظوری مستقل و اضافہ تنخواہ کنور رضا اسسٹنٹ مجسٹریٹ بہادر بلاسپور و تقرر منشی فیاض علی خاں مجسٹریٹ درجہ اول	۳ و ۲
(۲)	روبکار نسبت نامزدگی عالی مرتبت صاحب ڈپٹی ریونیو منسٹر بہادر بحیثیت کمشنر" و "حاکم بطور جج سول کورٹ۔ براے کارخانہ جات	۳
(۳)	انتظام سلسلہ رخصت صاحب فائنانس سکریٹری بہادر	۳ و ۴

آرڈرزان کونسل رامپور اسٹیٹ

۱	منظوری قواعد پنشن ڈیزاتن ریاست رامپور سنہ ۱۹۴۲ء	۵	۴	منظوری اشاعت اعلان نسبت ترمیم متعلق آرڈر کارد باساسکیم رک آپریٹیو ریاست رامپور سنہ ۱۹۴۲ء وغیرہ	۶ و ۷
۲	منظوری الاونس انسپکٹر صاحب مدارس و دانش پرنسپل صاحب رضا انٹر کالج سلسلہ رخصت صاحب سکریٹری تعلیمات	۵	۵	منظوری ترمیم آرڈیننس امتناع برآمد غلہ ریاست رامپور ۱۹۴۲ء	۷
۳	منظوری توسیع مدت ملازمت سپرنٹنڈنٹ صاحب ٹیلیفون	۵ و ۶	۶	منظوری ترمیم مسودہ قواعد ٹینکر ریاست رامپور سنہ ۱۹۴۲ء	۷

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

حکم :-

مورخہ ۱۷ مئی ۱۹۳۲ء

حسب صراحت رپورٹ تجاویز کونسل کی منظوری دی جاتی ہے
سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

(دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم)

آرڈر نمبر (۲۸)

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

عرض	سررشتہ

جناب عالی

عالیمرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر وچیف مجسٹریٹ کی
تجویز بصراحت ذیل اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۱۱ مئی ۱۹۳۲ء
میں پیش ہوئی :-

۱- بابو آنند کمار صاحب اسسٹنٹ مجسٹریٹ کا غیر مستقل
تقرر ابتداءً بحکم ۱۷ مئی ۱۹۳۰ء برائے یکسال
منظور ہوا تھا اس کے بعد بحکم کونسل مورخہ ۳۰ مئی ۱۹۳۱ء
اُن کی غیر مستقل ملازمت میں توسیع ہو کر از یکم اپریل ۱۹۳۱ء
تا آخر مارچ ۱۹۳۲ء مزید ایک سال کے لئے تقرر منظور
ہوا جس میں کونسل نے طے کیا تھا کہ ختم سال حسابی ۱۹۳۱-۳۲ء
پر اُن کی مستقلی کے وقت اضافہ گریڈ دیا جا سکے گا۔
اس کے بعد بحکم ۲۹ اپریل ۱۹۳۲ء ایک ماہ اپریل ۱۹۳۲ء
کی مزید توسیع منظور ہو کر حکم ہوا کہ مستقلی وغیرہ کے
متعلق ماہ مئی ۱۹۳۲ء میں حکم ہوگا۔ لہٰذا مناسب
معلوم ہوتا ہے کہ بابو آنند کمار صاحب کو مستقل فرمایا
جائے اور یوم مستقلی سے پندرہ روپیہ ماہوار اضافہ
گریڈ بھی عطا فرمایا جائے۔

۲- منشی فیاض علی خاں صاحب مجسٹریٹ درجہ اول
جو جولائی ۱۹۲۳ء کو ابتداءً ملازم ہوئے تھے اور ۲۰ اگست ۱۹۳۱ء کو مستعفی
ہوئے اور پھر آٹھ سال، آٹھ ماہ، پندرہ یوم کے وقفہ کے بعد یکم مئی ۱۹۳۲ء
کو دوبارہ بعہدہ مجسٹریٹی ملازم ہوئے جس کا سلسلہ اب تک جاری ہے۔
منشی صاحب موصوف نے دستور العمل پنشن کی دفعہ مذکورہ بالا وقفہ ملازمت میں اس بنا پر قرار دیا
سلسلہ ملازمت سابقہ معاف فرمایا جائے۔ اور تحت دفعہ ۱۴
قواعد پنشن تیس سال کی ملازمت پوری ہونے کے
سلسلہ میں یکم جون ۱۹۳۲ء سے پنشن استحقاقی پر ریٹائر
کیا جائے۔ رقم پنشن بموجب تحریر صیغہ فائنانس
چھپن روپیہ گیارہ آنہ ہوتی ہے۔

۳- چونکہ بسلسلہ انجام دہی خدمات مول وکیل دے، آمدنی
ومقدمات حوالگی تزوان وغیرہ عالیمرتبت صاحب چیف مجسٹریٹ
بہادر اور دیگر مجسٹریٹ صاحبان پر کام کا زیادہ بار ہو گیا ہے
اور مقدمات کی کثرت ہے لہٰذا مناسب معلوم ہوتا ہے
کہ ایک زائد مجسٹریٹی بطور عارضی از یکم جون ۱۹۳۲ء
تا ختم سال حسابی منظور فرمائی جائے اور بلحاظ تجربہ
منشی فیاض علی خاں صاحب کو اس عہدہ عارضی مجسٹریٹی پر
بہ تنخواہ موجودہ مقرر فرمایا جائے۔ اس سلسلہ میں بعد
غور اسٹیٹ کونسل کی تجاویز حسب ذیل ہیں۔

۱- بابو آنند کمار صاحب اسسٹنٹ مجسٹریٹ درجہ اول کو

یکم مئی سنہ ۱۹۳۲ء سے مستقل کیا جائے اور یوم مستقلی سے
اون کی موجودہ تنخواہ میں بصورت خاص پندرہ روپیہ
ماہانہ اضافہ گریڈ منظور فرمایا جائے
۵- منشی فیاض علی خاں صاحب مجسٹریٹ درجہ اول کو یکم جون سنہ ۱۹۳۲ء
سے پنشن استحقاقی پر ریٹائر کیا جائے اور حسب دفعہ ۵۱
قواعد پنشن اون کا مذکورۂ بالا وقفہ بصورت خاص
بغرض برقراری سلسلۂ ملازمت سابقہ معاف کیا جائے
تاکہ تیس سالہ ملازمت پر چھیاسٹھ روپیہ گیارہ آنہ
کی پنشن مل سکے - اس سلسلہ میں ایک جدید عارضی عدالت
موسوم بہ اڈیشنل مجسٹریٹی از یکم جون سنہ ۱۹۳۲ء تا
آخر مارچ سنہ ۱۹۳۳ء قایم کی جائے اور اس پر منشی
فیاض علی خاں صاحب کا عارضی تقرر باختیارات
مجسٹریٹی درجہ اول و سرسری و افسر صیغہ بشاہرہ
ایک سو تیس روپیہ پانچ آنہ از یکم جون سنہ ۱۹۳۲ء تا آخر مارچ سنہ ۱۹۳۳ء
منظور فرمایا جائے -

۲- چونکہ عدالت اسسٹنٹ مجسٹریٹی کا عملہ عارضی ہے
اس لیے یہ عملہ بدستور عارضی شمار ہوگا اور صاحب
اڈیشنل مجسٹریٹ سے متعلق رہے گا - اور منشی
فیاض علی خاں صاحب کے متعلقہ مستقل عملہ کا تعلق
صاحب اسسٹنٹ مجسٹریٹ سے بصورت مستقل رہے گا۔

۴- ہر دو عدالتوں کے افسر صاحبان اور عملہ کی تنخواہیں
وغیرہ بجٹ سنہ ۱۹۳۲-۳۳ء میں منظور ہو چکی ہیں جن سے
تنخواہ وغیرہ کے مصارف ہوں گے لہذا ترقیم تنخواہ
مستدعی ہے کہ پیشگاہ ہمایوں سے حکم منظوری

تجاویز کونسل معروضہ بالا شرف نفاذ پائے -
زیادہ حد ادب - دولت و اقبال جاوید باد -

ضمیمہ

ترقیم تنخواہ دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر
مورخہ ۱۶ مئی سنہ ۱۹۳۲ء

روبکار - واقع ۱۹ مئی سنہ ۱۹۳۲ء

کاغذات منسلکہ ملاحظہ ہوئے - حسب سفارش
کونسل عالی مرتبت ضمیر احمد ہاشمی صاحب ڈپٹی
ریونیو منسٹر بہادر کو برائے جملہ کارخانہ جات ریاست
ہذا تحت دفعہ (۲۱) قانون معاوضہ مزدوران ریاست رامپور سنہ ۱۹۲۹ء
بحیثیت کمشنر اور تحت دفعہ (۵) قانون ادائیگی اجرت
ریاست رامپور سنہ ۱۹۲۹ء بحیثیت حاکم بطور جج سمال کاز کورٹ
مقرر کیا جانا منظور ہے -

حکم ہوا کہ

مرسلہ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں -
دستخط اعلیٰ حضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

حکم - واقع ۱۸ مئی سنہ ۱۹۳۲ء

عزیزہ عرضداشت عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر
باستدعائے صدور حکم منظوری بصورت خاص رخصت دو ماہ
با دو سالم تنخواہ مطلوبہ مسٹر احسان محمد خاں صاحب
فائنانس سکریٹری بہادر از ۲۵ مئی سنہ ۱۹۳۲ء بغرض حصول علاج
بایں صراحت کہ صاحب فائنانس سکریٹری بہادر کا کام
عالی مرتبت صاحب ڈپٹی ریونیو منسٹر بہادر انجام دیں گے لیکن اس

خیال ہے کہ ان پر کام زیادہ بار ہو جائے گا۔

حضرت احکام جاری ہو مسٹر محمود شاہ بیگ ہیڈ سپرنٹنڈنٹ فائنانس آفس کو دستخط کرنے کی اجازت عطا فرمائیے نیز زمانہ رخصت صاحب فائنانس سکریٹری بہادر میں عامہ نسبت صاحب فائنانس منسٹر بہادر خود ہی صیغہ فائنانس کے کام پر زیادہ توجہ رکھیں گے۔ اور چونکہ صاحب فائنانس سکریٹری بہادر رخصت آنس کمپنی کے بورڈ کے اسٹیٹ ڈائرکٹر بھی ہیں۔ اس لئے اُن کے ایام رخصت میں ڈائرکٹری کا کام مسٹر صدیق علی خان صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت وغیرہ انجام دیں گے۔

حکم

درخواست منظور ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم۔ حکم

آرڈرزان کونسل رامپور اسٹیٹ

آرڈر نمبر ۳۴

واقع ۱۸ مئی سنہ ۱۹۲۲ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۱۸ مئی سنہ ۱۹۲۲ء میں عالیجناب عالیمرتبت صاحب منسٹر بہادر انچارج صیغۂ صنعت و حرفت کی تجویز بابت منظوری "قواعد پیٹنٹ و ڈیزائن ریاست رامپور سنہ ۱۹۲۲ء" تحت دفعہ ۸ قانون پیٹنٹ و ڈیزائن ریاست رامپور سنہ ۱۹۲۱ء مرتبہ عالیمرتبت صاحب ایڈووکیٹ بہادر پیش ہوئی:-

طے پایا کہ:-

تحت دفعہ ۸ قانون پیٹنٹ و ڈیزائن ریاست رامپور سنہ ۱۹۲۱ء، قواعد پیٹنٹ و ڈیزائن ریاست رامپور سنہ ۱۹۲۲ء مسلکہ ہذا کی منظوری دیجاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

حکم ہذا مع قواعد منسلکہ برائے اشاعت بہ گزٹ ریاست اسٹیٹ پریس کو مرسل ہو۔ اصل کاغذات بعد اشاعت سررشتۂ صدر کو بھیجے جائیں۔

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈر نمبر ۳۵

واقع ۱۹ مئی سنہ ۱۹۲۲ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۱۸ مئی سنہ ۱۹۲۲ء میں عالیمرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر کی تجویز اس صراحت کے ساتھ پیش ہوئی کہ صاحب سکریٹری بہادر تعلیمات اسپیشل رخصت رعائتی پر ہیں ۱۰ مارچ سنہ ۱۹۲۲ء سے سید اسرار حسین صاحب انسپکٹر مدارس، علاوہ فرائض متعلقہ کے سکریٹری تعلیمات کا متعلقہ کام اور سید نصیر الحسن صاحب وائس پرنسپل رضا انٹر کالج پرنسپل کے فرائض بھی انجام دے رہے ہیں اس سے قبل صاحب سکریٹری بہادر تعلیمات کی غیر موجودگی میں جب سید اسرار حسین صاحب کو سکریٹری کے عہدہ کا کام کرنے اور ماسٹر کرشن گوپال کو ہیڈ ماسٹر ہائی اسکول کے عہدہ کا کام کرنے کی حالت میں پچاس پچاس روپیہ ماہانہ الاؤنس دلایا گیا ہے۔ لہذا اس مرتبہ بھی عالیمرتبت صاحب فائنانس منسٹر بہادر نے حسب سابق پچاس پچاس روپیہ ماہانہ الاؤنس کارکردگی بزمانۂ رخصت صاحب سکریٹری بہادر تعلیمات سید اسرار حسین صاحب اور سید نصیر الحسن صاحب کو دلائے جانے سے اتفاق کیا ہے۔ لہذا منظوری قابل صادر ہونے کے طے پایا کہ:-

حسب اتفاق فائنانس، بزمانۂ رخصت صاحب سکریٹری بہادر تعلیمات، سید اسرار حسین صاحب انسپکٹر مدارس اور سید نصیر الحسن صاحب وائس پرنسپل رضا انٹر کالج کو پچاس پچاس روپیہ ماہانہ الاؤنس کارکردگی دلایا جانا منظور ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتۂ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈر نمبر ۳۶

واقع ۲۰ مئی سنہ ۱۹۲۲ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۱۸ مئی سنہ ۱۹۲۲ء میں عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کی تجویز بایں خلاصہ پیش ہوئی کہ مسٹر فریڈرک بوز سرنٹنڈنٹ ٹیلیفون کی مدت ملازمت میں ایک سال کی توسیع منظور ہوئی تھی جو ۳۰ اپریل سنہ ۱۹۲۲ء کو ختم ہوگئی۔ چونکہ وہ اپنے کام میں ہوشیار رہے اور جبتک کوئی شخص تربیت یافتہ ہوکر اس جگہ

کے لئے موزوں نہ ہو جانے کی توسیع کی ضرورت ہے
لہذا مزید ایک سال کی توسیع از یکم مئی سنہ ۱۹۲۲ء قابل
منظوری ہے۔

طے پایا کہ:۔

حسب تجویز مسٹر ڈیکر یوز سپرنٹنڈنٹ ٹیلیفون کی
مدت ملازمت میں مزید ایک سال کی توسیع از یکم
مئی سنہ ۱۹۲۲ء منظور کیجاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔
و آرڈر درج گزٹ ہو۔ دستخط عالیجناب صاحب چیف منسٹر بہادر
دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈر نمبر ۴۳:۔ واقع ۱۹ ر مئی سنہ ۱۹۲۲ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۱۸ ر مئی سنہ ۱۹۲۲ء میں
عالیجناب صاحب اسٹیٹ ایڈوکیٹ بہادر کی تحریر بابت
منظوری تین عدد اعلانات متعلق ترمیم آرڈر کاروبار
الیکٹرک آپریٹس ریاست رامپور سنہ ۱۹۲۱ء۔ آرڈر
تحت قاعدہ ۲۷۔الف قواعد تحفظ ہند ریاست رامپور
سنہ ۱۹۲۱ء و آرڈر قبضہ وائرلیس ٹیلیگرافی آپریٹس
ریاست رامپور سنہ ۱۹۲۱ء پیش ہوئی۔

طے پایا کہ:۔

حسب تجویز ہر سہ اعلانات متعلق ترمیمات ہر آرڈر ہائے
معرضہ بالا کی منجانب گورنمنٹ رامپور منظوری دیجاتی
ہے۔

حکم ہوا کہ

حکم درج ہو ہر سہ اعلانات منسلکہ برائے اشاعت
با گزٹ سپرنٹنڈنٹ صاحب صیغہ طباعت کے پاس
مرسلہ مسل کاغذات بعد کارروائی اشاعت داخل دفتر
بھیجے جائیں۔ دستخط عالیجناب صاحب چیف منسٹر بہادر
دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

اعلان

باستعمال اختیارات محکومہ قاعدہ ۱۸ قواعد تحفظ ہند
گورنمنٹ رامپور "آرڈر کاروبار الیکٹرک آپریٹس ریاست رامپور
سنہ ۱۹۲۱ء" میں حسب ذیل ترمیم منظور کرتی ہے۔

آرڈر مذکور کے فقرہ ۴ کے بعد حسب ذیل عبارت
بطور فقرہ ۵ درج کیجائے:۔

"آرڈر ہذا کسی ایسی شے سے متعلق نہ ہوگا جس کی
ڈیفنس ڈپارٹمنٹ گورنمنٹ ہند کو ضرورت ہو نیز جس کی
اس شے کی طلبی کی بابت انچارج محکمہ یا کسی ایسے عہدہ دار
سے جس کو محکمہ مذکور نے اختیار دیا ہو تصدیقی سرٹیفکیٹ
لے لیا ہو۔"

اعلان

باستعمال اختیارات محکومہ قاعدہ ۲۷۔الف
قواعد تحفظ ہند گورنمنٹ رامپور آرڈر تحت قاعدہ ۲۷
الف قواعد تحفظ ہند ریاست رامپور سنہ ۱۹۲۱ء میں حسب
ذیل ترمیم منظور کرتی ہے۔

آرڈر مذکور کے فقرہ ۴ کے آخر میں حسب ذیل عبارت
بڑھا دی جائے:۔

"آرڈر ہذا کسی ایسے پرمٹ سے متعلق نہ ہوگا جو ڈیفنس
ڈپارٹمنٹ گورنمنٹ ہند کے قبضہ یا اہتمام میں ہو۔"

اعلان

باستعمال اختیارات محکومہ قاعدہ (۱) تحتی قاعدہ (۲) قواعد تحفظ ہند گورنمنٹ رامپور "آرڈر قبضہ وائرلیس ٹیلیگرافی اپریٹس ریاست رامپور ۱۹۲۲ء" میں حسب ذیل ترمیم منظور کرتی ہے۔

آرڈر مذکور کے فقرہ ۴ کے بعد حسب ذیل عبارت بطور فقرہ ۵ درج کیجائے۔

"آرڈر ہذا کسی ایسے اپریٹس سے متعلق نہ ہوگا۔ جو ڈیفنس ڈپارٹمنٹ گورنمنٹ ہند کے قبضہ یا اہتمام میں ہو"

آرڈر نمبر ۴۴ — واقع ۱۹ رمئی ۱۹۲۲ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۱۰ رمئی ۱۹۲۲ء میں طے پایا کہ:-

تحت دفعہ (۵) ترمیم آرڈیننس امتناع برآمد غلہ ریاست رامپور ۱۹۲۲ء مطبوعہ گزٹ ۱۹ رمئی ۱۹۲۲ء اعلان مندرجہ ذیل کی منجانب گورنمنٹ رامپور منظوری دیجاتی ہے:-

اعلان

حسب اختیارات تحت دفعہ (۵) ترمیم آرڈیننس ممانعت برآمد غلہ ریاست رامپور ۱۹۲۲ء گورنمنٹ رامپور آنریبل صاحب ہوم ریونیو منسٹر بہادر کو افسر برائے اجرائے لائسنس تحت ضمن (الف) دفعہ مذکور و برائے حصول اجازت برآمد غلہ تحت ضمن (ج) دفعہ مذکور مقرر کرتی ہے۔

حکم ہوا کہ

حکم ہذا بغرض اشاعت باسٹیٹ گزٹ سپرنٹنڈنٹ صاحب صیغہ طباعت کے پاس بھیجا جاوے۔ بعد کارروائی اشاعت اصل ہذا دار الانشاء کو بھیجا جائے۔

دستخط عالیجناب صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈر نمبر ۴۶ — واقع ۲۰ رمئی ۱۹۲۲ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۱۰ رمئی ۱۹۲۲ء میں آنریبل صاحب ریونیو منسٹر بہادر کی تجویز بابت منظوری مسودہ "ترمیم قواعد ٹیکس ریاست رامپور ۱۹۲۲ء" تحت اختیارات عطا شدہ زیر دفعہ (۱۰) قانون ٹیکس ریاست رامپور ۱۹۲۲ء منجانب گورنمنٹ پیش ہو کر طے پایا کہ:-

حسب تجویز "ترمیم قواعد ٹیکس ریاست رامپور ۱۹۲۲ء" منسلکہ کی منظوری منجانب گورنمنٹ دیجاتی ہے

حکم ہوا کہ

حکم ہذا مع ترمیم قواعد مذکور برائے اشاعت بہ گزٹ سپرنٹنڈنٹ صاحب صیغہ طباعت کے پاس بھیجا جاوے جس کی نقل بعد کارروائی اشاعت سررشتہ صدر بھیجی جائے

دستخط عالیجناب صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

(نوٹ ترمیم مجوزہ بالا گزٹ کے حصہ سوم میں شامل ہے)